آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات و نشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ ایم نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر
منیجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی
ایڈیٹر: نجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053
موبائل: 0301-7740405

جلد نمبر 16 | منگل 21 جون 2022ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 102

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com, nawaiahmedpur@gmail.com

وزیراعظم کا 5 بنیادی اشیاء ضروریہ کم نرخوں پر فراہم کرنے کا اصولی فیصلہ

سبسڈی یوٹیلٹی اسٹورز کے ذریعے پورے ملک میں غریب اور پسماندہ طبقے کو فراہم کی جائے گی، آٹے، چینی، گھی، دالیں، اور چاول کی بازار سے کم نرخوں پر فراہمی یقینی بنائی جائے، وزیراعظم



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے 5 بنیادی اشیاء ضروریہ کو کم نرخوں پر فراہم کرنے کا اصولی فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کہتے ہیں کہ سبسڈی یوٹیلٹی اسٹورز کے ذریعے پورے ملک میں غریب اور پسماندہ طبقے کو فراہم کی جائے گی۔ آٹے، چینی، گھی، دالیں، اور چاول کی بازار سے کم نرخوں پر فراہمی یقینی بنائی جائیوزیراعظم شہباز شریف کے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ہائبرڈ الیکٹرانک گاڑیوں کے استعمال سے درآمدی بل میں 50 فیصد کمی لائی جاسکتی ہے، انڈس موٹر کمپنی

اسلام آباد (یواین پی) ہائبرڈ الیکٹرانک گاڑیوں کے استعمال سے ملک کے درآمدی بل میں 50 فیصد کمی لائی جاسکتی ہے۔ انڈس موٹر کمپنی کے سی ای او علی اصغر جمالی نے کہا ہے کہ الیکٹرک

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عوام کی ترقی اور خوشحالی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، پرویز اشرف

اخوت فاونڈیشن کی جانب سے بلاسود قرضوں سے عوام کو اپنا روزگار شروع کرنے کا موقع ملے گا

ڈاکٹر امجد ثاقب کے عوامی خدمت کے غیر متزلزل جذبے کو سنہری حروف میں لکھا جائیگا

گوجرخان (یواین پی) اسپیکر قومی اسمبلی پرویز اشرف نے کہا ہے کہ عوام کی ترقی اور خوشحالی موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ راجہ پرویز اشرف نے گوجر خان میں اخوت فاونڈیشن کی جانب سے بلاسود قرضے کی فراہمی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ریاست بہاولپور کے قیام کی 275 سالہ تقریبات کو تزک و احتشام کیساتھ منایا جائیگا

جسٹس شجاعت علی خان
جج لاہور ہائیکورٹ بہاولپور بینچ

نواب سر صادق محمد خان عباسی کی ایک فلاحی ریاست کے تناظر میں خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا

بہاول پور: لاہور ہائی کورٹ بہاول پور بینچ کے جج مسٹر جسٹس شجاعت علی خان، مسٹر جسٹس جواد حسن اور مسٹر جسٹس سلطان تنویر احمد کے ہمراہ ریاست بہاول پور کے قیام کی 275 سالہ تقریبات کے سلسلہ میں قائم سیکرٹریٹ کا افتتاح کر رہے ہیں۔

بہاول پور (پ ر) لاہور ہائی کورٹ بہاول پور بینچ کے جج مسٹر جسٹس شجاعت علی خان نے کہا ہے کہ ریاست بہاول پور کے قیام کی 275 سالہ تقریبات کو تزک و احتشام کے ساتھ منایا جائے گا

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس: شاہ محمود قریشی اور اسد عمر سمیت دیگر رہنماؤں کی ضمانتیں منظور

اسلام آباد (یواین پی) اسلام آباد ڈسٹرکٹ سیشن جج کی عدالت میں پی ٹی آئی لانگ مارچ کے دوران توڑ پھوڑ سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران عدالت نے پی ٹی آئی کے رہنماؤں کی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گورنر پنجاب انجینئر محمد بلیغ الرحمن کا پنجاب ایگری ایکسپو 2022 میں اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے اسٹال کا دورہ

گورنر پنجاب کو ڈاکٹر اطہر محبوب وائس چانسلر کی سربراہی میں گزشتہ تین سالوں کے دوران اسلامیہ یونیورسٹی کی زرعی شعبہ میں تحقیقی اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی

گورنر پنجاب و چانسلر انجینئر محمد بلیغ الرحمن ایکسپو سینٹر لاہور میں پنجاب ایگری ایکسپو 2022ء میں اسلامیہ یونیورسٹی کے اسٹال کا دورہ کر رہے ہیں۔

بہاول پور (پ ر) گورنر پنجاب و چانسلر انجینئر محمد بلیغ الرحمن نے ایکسپو سینٹر لاہور میں پنجاب ایگری ایکسپو 2022 میں اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے اسٹال کا دورہ کیا۔ گورنر پنجاب کو انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جنوبی ایشیائی ممالک کو روس یوکرین جنگ کے تناظر میں مالیاتی پالیسیاں احتیاط سے تشکیل دینا ہونگی، افتخار ملک

اسلام آباد (یواین پی) سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر افتخار علی ملک نے جنوبی ایشیائی ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ روس یوکرین جنگ کی وجہ سے پیدا شدہ صورتحال کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنی مالیاتی پالیسیاں کو احتیاط سے تشکیل دیں۔ پیر کو ماہین کاشف کی قیادت میں خواتین تاجروں کے وفد سے گفتگو کرتے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد ہائیکورٹ: ن لیگ اور پیپلز پارٹی کی بلدیاتی انتخابات سے متعلق درخواستوں پر سماعت

الیکشن کمیشن وفاقی حکومت کے نوٹیفکیشن کے مطابق بلدیاتی انتخابات کروائے، چیف جسٹس

اسلام آباد (یواین پی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی بلدیاتی انتخابات سے متعلق درخواستوں پر چیف جسٹس اطہر من اللہ نے سماعت کی۔ ایڈوکیٹ جنرل اسلام آباد جہانگیر جدون عدالت میں پیش ہوئے اور موقف اختیار کیا کہ الیکشن میں تاخیر نہیں چاہتے جس پر عدالت نے استفسار کیا کہ کیا اب نئی حلقہ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کرونا وائرس سے بچا کیلئے بارہ سے زائد عمر کے تمام افراد کرونا سے بچا کی ویکسین ضرور لگوائیں

ڈسٹرکٹ کوآڈینیٹر پری وینٹو ضلع بہاول پور ڈاکٹر محمد خالد چنڑ کی صحافیوں سے گفتگو

مبارک پور (نامہ نگار) کرونا وائرس سے بچا کے لئے بارہ سے زائد عمر کے تمام افراد کرونا سے بچا کی ویکسین ضرور لگوائیں، ضلع بھر میں کرونا

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مبارکپور: ڈی سی پی پی ڈاکٹر زاہد چنڑ فوکل پرسن ڈاکٹر شرجیل احمد لودھی کے ہمراہ کرونا مہم بارے گفتگو کرتے ہوئے۔

مزاح نگار مشتاق احمد یوسفی کو بچھڑے 3 برس بیت گئے

اسلام آباد (یواین پی) مشتاق احمد یوسفی برِصغیر کا وہ نام ہے، جس نے اردو ادب میں اپنے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آئی ایم ایف معاہدے میں تاخیر

امریکی ڈالر کی قدر میں ملکی کا تاریخ کا ریکارڈ 210 روپے کا اضافہ

کراچی (یواین پی) عالمی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف سے معاہدے میں تاخیر اور زرمبادلہ میں کمی کے باعث روپے پر دباؤ میں اضافہ جاری ہے اور انٹربنک میں ڈالر کی قدر 210 روپے سے تجاوز کرگئی ہے جبکہ اوپن مارکیٹ میں ڈالر کا

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

روس چین کو خام تیل فروخت کرنے والا سب سے بڑا ملک بن گیا

ماسکو (یواین پی) چین کی جانب سے روس سے ریکارڈ مقدار میں خام تیل اور گیس کی خریداری جاری ہے۔ مئی میں روس چین کو خام تیل فروخت

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان میں کورونا وائرس نے پھر سر اٹھالیا

گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں 171 افراد میں کورونا کی تشخیص، کوئی ہلاکت نہیں ہوئی، این آئی ایچ

اسلام آباد (یواین پی) ملک کے مختلف شہروں میں کورونا مثبت کیسز کی تعداد میں دوبارہ اضافہ ہوگیا۔ قومی ادارہ صحت کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں 171 افراد میں کورونا کی تشخیص ہوئی ہے جبکہ ملک بھر میں کورونا مثبت کیسز کی شرح ایک اعشاریہ پانچ تین فیصد ریکارڈ کی گئی۔ این آئی ایچ کے مطابق صوبہ سندھ میں کورونا کے مثبت

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بے نظیر بھٹو کا 69 واں یوم پیدائش ''آج'' منایا جائیگا

شہید جمہوریت بے نظیر بھٹو 21 جون 1953 کو کراچی میں پیدا ہوئی تھی

کراچی (یواین پی) سابق وزیراعظم اور شہید جمہوریت بے نظیر بھٹو کا 69 واں یوم پیدائش آج 21- جون بروز منگل کو منایا جائے گا اس سلسلہ میں کراچی سمیت ملک بھر میں پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام قرآن خوانی کی محافل انعقاد پذیر

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کراچی، مکان کی چھت گرنے سے 3 خواتین جاں بحق

چھت گرنے کا یہ افسوسناک واقعہ مچھر کالونی میں بابری مسجد کے قریب پیش آیا

کراچی (یواین پی) کراچی کے علاقے مچھر کالونی سراجی چوک بابری مسجد کے قریب مکان کی چھت گرنے سے 03 خواتین جاں بحق

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کراچی کی عدالت نے ڈاکٹر عامر لیاقت کی قبر کشائی کے لئے میڈیکل بورڈ تشکیل دینے کا حکم دے دیا

کراچی (یواین پی) کراچی کی مقامی عدالت نے ڈاکٹر عامر لیاقت کی قبر کشائی کے لئے میڈیکل بورڈ تشکیل دینے کا حکم دے دیا ہے، قبر کشائی، طبی معائنے اور پوسٹ مارٹم سے متعلق متفرق درخواست پر فیصلہ سناتے ہوئے جوڈیشل مجسٹریٹ کراچی نے سیکرٹری محکمہ صحت

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کا ان کیمرا اجلاس طلب

آرمی چیف بریفنگ دینگے

قومی اسمبلی کی قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کا ان کیمرا اجلاس طلب کرلیا گیا ہے جس میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ، ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم قومی سلامتی امور پر بریفنگ دیں گے

قومی اسمبلی اجلاس میں قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کیلئے ایوان مختص کرنے کی تحریک وزیر پارلیمانی امور مرتضی جاوید عباسی نے پیش کی جس کو منظور کرلیا گیا ہے، تحریک میں کہا گیا ہے کہ اجلاس 21 اور 23 جون کو قومی اسمبلی ہال میں ہوگا



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی کی قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کا ان کیمرا اجلاس طلب کرلیا گیا ہے، جس میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ، ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل ندیم احمد انجم قومی سلامتی امور پر بریفنگ دیں گے۔ ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی اجلاس میں قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کیلئے ایوان مختص کرنے کی تحریک وزیر پارلیمانی امور مرتضی جاوید عباسی نے پیش کی جس کو منظور کرلیا گیا ہے، تحریک میں کہا گیا ہے کہ اجلاس 21 اور 23 جون کو قومی اسمبلی ہال میں ہوگا۔ وزیر پارلیمانی امور مرتضی جاوید عباسی کا

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امپورٹڈ سرکار کے ترمیم شدہ نیب قانون نے احتساب کو دفن کردیا، عمران خان

اس مجرم مافیا کو این آر او دوئم ملے گا اور نیب کے زیر تفتیش 1200 ارب میں سے 1100 ارب مالیت کے مقدمات اب نیب کے دائرہ کار سے نکل جائیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کا کہنا ہے کہ آج پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے۔ امپورٹڈ سرکار کے ترمیم شدہ نیب قانون نے احتساب دفن کردیا۔ پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بزرگ شخصیت مخدوم الملک مخدوم سید عون محمد بخاری کی سالانہ برسی کے موقع پر تقریب منعقد کی گئی

مخدوم الملک مخدوم سید عون محمد بخاری کی مزار کو عرق گلاب سے غسل دیکر چادر چڑھائی گئی

اوچ شریف (نامہ نگار) اوچشریف کے قدیمی علاقے اوچ بخاری میں چیف آف سادات مخدوم سید مزمل عون بخاری اور ولی عہد مخدوم زادہ سید حسنات حیدر بخاری و صاحبزادہ مخدوم سید علی حیدر بخاری کی سربراہی میں بخاری خاندان کی بزرگ شخصیت مخدوم الملک مخدوم سید عون محمد بخاری کی سالانہ برسی کے موقع پر تقریب منعقد کی گئی جس میں ملک کے دور دراز کے علاقوں سے مریدین و عقیدت مندوں کے علاوہ سیاسی سماجی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احساس نوجوان اتحاد گروپ، شجرکاری مہم کا آغاز کردیا گیا

مہم کے سات دنوں کے دوران پورے اوچشریف شہر میں پودے لگائے جائیں گے

اوچ شریف (نامہ نگار) ملک کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے اوچ شریف شہر میں احساس نوجوان اتحاد گروپ کے عہدیداران چیئرمین سید خواجہ سہیل عباس، سرپرست اعلی میاں ہارون شیخ، سید سجاد حسین جمالی، صدر سید خواجہ سعید

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فیٹیف کے اہداف کو پورا کرنے میں پاک فوج سمیت تمام حکومتی اداروں نے دن رات کام کرکے یہ کامیابی حاصل کی، قاضی عدنان فرید

گرے لسٹ سے نکل کر وائٹ لسٹ میں شامل ہونے سے ملکی معیشت پر اچھے اثرات مرتب ہوں گے، سابق ایم پی اے کی اپنی رہائش گاہ پر کارکنوں سے گفتگو

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے ضلعی سینئر نائب صدر و سابق ایم پی اے قاضی عدنان فرید نے کہا ہے کہ فیٹیف کے اہداف کو پورا کرنے میں پاک فوج، سمیت تمام حکومتی اداروں نے دن رات کام کر کے یہ کامیابی حاصل کی ہے۔ گرے لسٹ سے نکل کر وائٹ لسٹ میں شامل ہونے سے ملکی معیشت پر اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔ اپنی رہائش گاہ پر کارکنوں سے ملاقات میں

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امریکی سفیر کے پاؤں پڑنے کے باوجود آئی ایم ایف جواب نہیں دے رہا، شیخ رشید

راولپنڈی (یواین پی) عوامی مسلم لیگ کے رہنما شیخ رشید نے کہا ہے کہ امریکی سفیر کے پاں پڑنے کے باوجود آئی ایم ایف جواب نہیں دے رہا۔ شیخ رشید نے ٹوئٹر پر بیان میں کہا کہ امپورٹڈ حکومت کے امریکی سفیر کے پاں پڑنے کے باوجود آئی ایم ایف جواب نہیں دے رہا۔ زرمبادلہ کے ذخائر صرف نو ارب ڈالر رہ گئے ہیں۔ گرے لسٹ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچشریف: عمران خان کی کال پر احتجاجی ریلی نکالی گئی

ریلی گورنمنٹ بوائز ہائی سکول اوچشریف سے شروع ہوکر شہر کے مرکزی چوک الشمس پہنچی جس میں پارٹی کارکنوں کی کثیر تعداد شریک ہوئی

جنہوں نے پارٹی پرچموں کے علاوہ امپورٹڈ حکومت کیخلاف لکھے نعروں کے پلے کارڈ، بینرز اور پینا فلیکس اٹھا کر سخت نعرے بازی کی

اوچ شریف: تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی کال پر اوچشریف شہر کے مقامی پارٹی عہدیداروں کی قیادت میں امپورٹڈ حکومت کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی جارہی ہے

اوچ شریف (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین و سابق وزیراعظم پاکستان

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان بھر میں آج رواں سال کا طویل ترین دن ہوگا

اسلام آباد (یواین پی) پاکستان بھر میں آج 21- جون بروز منگل کو رواں سال کا طویل ترین دن ہوگا جبکہ 22- جون بروز بدھ سے دن کا دورانیہ کم اور راتیں طویل ہونا شروع ہوجائیں گی 21- جون کو سال کا طویل ترین دن 14- گھنٹے تک روشن رہے گا جبکہ اس دوران موسم گرما کی شدت بھی برقرار رہے گی۔ 22- دسمبر کی رات کو

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سرکل کے مختلف مقامات کے علاوہ خارجی اور داخلی راستوں پر موثر سنیپ چیکنگ کریں

داخلی وخارجی راستوں پر جدید ٹیکنالوجی کے رجحانات کے تحت سنیپ چیکنگ کی جائے تو جرائم پیشہ عناصر کی سرکل میں آمدورفت نہیں ہوسکتی

ڈی ایس پی صدر سرکل بہاولپور راو طارق پرویز کی سرکل کے تھانوں اور پیٹرولنگ پولیس انچارج سے کرائم کنٹرول کرنے کے حوالے میٹنگ

سمہ سٹہ (ملک طارق) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات پر ڈی ایس پی صدر سرکل بہاولپور راو طارق پرویز اپنے آفس میں سرکل کے تھانوں اور پیٹرولنگ پولیس انچارج سے کرائم کنٹرول کرنے کے حوالے میٹنگ کرتے ہوئے کہا کہ رات کے اوقات میں سرکل کے مختلف مقامات کے علاوہ خارجی اور داخلی راستوں

بقیہ نمبر 33 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مزارات کے شہر خطہ پاک اوچشریف میں میری آمد میرے لیے باعث فخر ہے

وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آغا حسن خان بلوچ

اوچ شریف (پ ر) مزارات کے شہر خطہ پاک اوچ شریف میں میری آمد میرے لیے باعث فخر ہے اوچ شریف کی ہزاروں سالہ قدیمی تاریخی کے ساتھ ساتھ ورلڈ اولڈ بگ سٹی کا درجہ بھی رکھتا ہے ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آغا حسن خان بلوچ نے غوث الاعظم ہاس اوچ شریف پہنچ کر سابق ٹکٹ ہولڈر سید عامر

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈی ایس ریلوے حماد حسن مرزا مبارکپور ریلوے اسٹیشن پر سول سوسائٹی وفد کے سربراہ راؤ حاجی محمد فریاد سے مسائل سن رہے ہیں۔

کھاد ڈیلروں کی من مانیاں ختم نہ ہوسکیں

کھاد ڈیلر اپنے من پسند افراد کو یوریا کھاد 2450 روپے کے حساب سے فروخت کرنے لگے

چنی گوٹھ (نامہ نگار) کھاد ڈیلروں کی من مانیاں ختم نہ ہوسکیں، کھاد ڈیلر اپنے من پسند افراد کو یوریا کھاد 2450 روپے کے حساب سے فروخت کرنے لگے، انتظامیہ بے بس۔ اس سلسلے میں کاشتکاروں ملک عبدالحفیظ، بشیر احمد، غلام یاسین، خلیل احمد، اللہ وسایا اور دیگر نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ کھاد ڈیلروں کی من مانیاں اور چور

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

یونانی کوسٹ گارڈز نے 108 تارکین وطن کو سمندر سے بچالیا

ایتھنز (یواین پی) یونانی کوسٹ گارڈز نے گزشتہ روز بحیرہ ایجیئن میں پھنسی ایک بادبانی کشتی سے 108 تارکین وطن کو بچالیا۔ تیز ہواؤں میں

بقیہ نمبر 32 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

انشاءاللہ محفوظ ہائی ویز اینڈ موٹرویز کا ویژن ضرور پورا ہوگا

روڈ یوزرز بھی موٹروے پولیس بہت خوش ہیں کیونکہ موٹروے پولیس ناصر بلاتخصیص کارروائی کرتی ہے

بلکہ خوش اخلاقی کا دامن بھی اپنے ہاتھ سے جانے نہیں دیتی' ڈی ایس پی قمر شہزاد بھٹی

خانیوال (پ ر) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس بیٹ نمبر 21 شام کوٹ سب سیکٹر ایم فور خانیوال میں آئی جی موٹروے پولیس خالد محمود کے احکامات پر نو مور No More وائیلیشن کمپین میں تیزی آ گئی سیکٹر

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خانیوال: نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس بیٹ نمبر 21 شام کوٹ سب سیکٹر ایم فور خانیوال میں آئی جی موٹروے پولیس خالد محمود کے احکامات پر نو مور وائیلیشن کمپین میں سیکٹر کمانڈر سب سیکٹر ایم فور جاوید چدھڑ اور ڈی ایس پی قمر شہزاد بھٹی سی پی او بیٹ 21 شام کوٹ چیکنگ کر رہے ہیں۔

کسانوں کو 1950، روپے میں یوریا کھاد کی فراہمی شروع ہوگئی

بلاتفریق کسانوں کو یوریا کھاد کی فروخت کی جارہی ہے

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) چیف سیکرٹری اور پنجاب فرٹیلائزر یونین کے عہدیداروں کے درمیان طے پانے والے معاہدے کے بعد کسانوں کو 1950، روپے میں یوریا کھاد کی فراہمی شروع ہوگئی۔ تفصیل کے مطابق چیف سیکرٹری پنجاب فرٹیلائزر یونین کے عہدیداروں کے درمیان طے پانے والے معاہدے کے بعد احمد پور شرقیہ تحصیل بھر میں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بی آر ٹی بس سروس پشاور کے کرائے میں 5 روپے اضافہ

کووڈ 19 کے دوران سخت اقتصادی حالات کے باوجود بی آر ٹی کرایوں میں اضافہ نہیں کیا گیا

پشاور (یواین پی) بی آر ٹی بس سروس پشاور کے کرائے میں 5 روپے اضافہ کردیا گیا۔ ترجمان صدف کامل کے مطابق کرایہ 10 سے بڑھا کر 15 روپے کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ کرائے میں اضافہ کا اطلاق یکم جولائی 2022 سے ہوگا۔ زو کارڈ اور سنگل ٹکٹ میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔ ان کا کہنا ہے کہ کرائے میں اضافہ ڈیزل کی قیمت میں 160 روپے فی لیٹر اضافے کے بعد کیا گیا۔ رواں سال پٹرولیم مصنوعات قیمتوں میں اضافہ

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈویژنل سپرینٹنڈنٹ ریلوے ملتان حماد حسن مرزا کا مبارک پور ریلوے اسٹیشن کا تفصیلی دورہ

تمام ریکارڈ چیک کرتے ہوئے جنریٹر روم، بیٹری روم اور اسٹیشن کی عمارت کا معائنہ کیا

مبارک پور (نامہ نگار) ڈویژنل سپرینٹنڈنٹ ریلوے ملتان حماد حسن مرزا کا ڈی سی او شاہد

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر بہاولپور ڈویژن کی ہدایت پر خصوصی ٹیم نور پور نورنگا بھجوائی گئی: بارش کے بعد روڈز پر جمع ہونے والے کیچڑ اور گندگی کو ہٹا دیا گیا

رات گئے ٹیم اور مشینری بھجوائی گئی جس نے نور پور نورنگا سے نکاسی آب کا کام کیا

بارشوں کے بعد پورا شہر ندی نالی کا منظر پیش کر رہا تھا۔ رات گئے تک ٹیموں نے کام کیا اور کھڑا پانی کلیئر کردیا گیا

بہاولپور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن راجہ جہانگیر انور کی ہدایت پر خصوصی ٹیم نور پور نورنگا بھجوائی گئی اور بارش کے بعد روڈز پر جمع ہونے والے کیچڑ اور گندگی کو ہٹا دیا گیا اور روڈ مکمل صاف کر دی گئی۔ رات گئے ٹیم اور مشینری بھجوائی گئی جس نے نور پور نورنگا سے نکاسی آب کا کام کیا۔ بارشوں کے بعد پورا شہر ندی نالی کا منظر پیش کر رہا تھا۔ رات گئے تک ٹیموں نے کام کیا اور کھڑا پانی کلیئر کردیا گیا۔ صبح بھی شہر میں خصوصی ٹیمیں آئیں اور گندگی اور کیچڑ کو صاف کیا تا کہ شہریوں کو پیدل چلنے میں کوئی مشکلات پیش نہ آئیں۔ اہلیان نور پور نورنگا کمشنر صاحب کے انتہائی مشکور ہیں کہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایفا سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

نرسری تا نہم

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج قینچی موڑ احمد پور

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

نرسری تا پنجم

دی ایجوکیٹرز

بیکن ہاؤس سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

بوائز اینڈ گرلز

احمد پور سکول

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

بی ایڈ، ایل ایل بی، ایم اے 0300-8688787

القادریہ پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

احمد پور شرقیہ کا قدیم سکول 1995ء سے قائم شدہ

Ph.0300-8155716

تحصیل کا پہلا واؤچر سکول جس میں داخلے پر (آپ کے بچے کی مکمل تعلیمی فیس گورنمنٹ ادا کریگی)

(PEF) اپنی واؤچر سکیم کے تحت نرسری سے ایف۔اے تک مفت تعلیم، مفت کتابوں کی سہولیات فراہم کرتا ہے

- خوبصورت بلڈنگ
- صاف ستھرا ماحول
- ہر بچے پر خصوصی توجہ
- بچوں کے جھولے
- دینی تعلیم، قرآن مجید، تفسیر، حدیث کی تعلیم
- لائبریری
- کمپیوٹر لیب

مفت تعلیم	مفت کتابیں	اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ

القادریہ پبلک سکول نزد حکیم حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ

حکیم محمد حسنین چوہان

ماہر امراض معدہ

ماہر امراض مخصوصہ

احمد پور شرقیہ کے سینئر کوالیفائیڈ حکیم

فارغ التحصیل گورنمنٹ کالج بہاولپور

فارغ التحصیل انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

ماہر نباض، نبض دکھائیں، مرض حکیم صاحب خود بتاتے ہیں

امراض معدہ، معدہ آنتوں میں زخم، السر، ورم، معدہ آنتوں کی سوزش، قبض، پیچس، جوڑوں کا درد، شوگر کا یقینی خاتمہ، گردے مثانے کی پتھری بذریعہ دوائی اخراج، سستی، نامردی، جریان، احتلام، بانجھ پن، اولاد کا یقینی ہونا، الرجی، دمہ، ٹائیفائیڈ بخار اور ہر قسم کے مرض کے علاج کیلئے تشریف لائیں

ایڈریس: حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ 0300-8155716

پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

F.SC	F.A	I.C.S	I.COM

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

قینچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

آپ کے معیار کے مطابق ہر قسم کی بہترین ورائٹی

نیو نشاط

ایک دام

کلاتھ ہاؤس

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

تحصیل بازار احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں محمد عمر

0331-7567242

ہر موسم کی تمام معیاری کمپنیوں کی گارمنٹس ورائٹی

بابا، بے بی، لیڈیز اینڈ جینٹس،

آپ کے ذوق کے عین مطابق دستیاب ہے

نشاط آؤٹ فٹ

ڈیلر، آکسفورڈ، بونیزہ

ایک دام

جنگو پلازہ

ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پراجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

ورائٹی اور معیار ہماری پہچان

نشاط فیبرکس

ایک دام

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

بالمقابل رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

حافظ محمد بلال

0332-6263802

منفرد اور زندہ تحریروں کا شاہکار

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاول پور

تازہ ترین خبروں اور بے لاگ تبصروں کے ساتھ ہر روز آپ کی خدمت میں مقامی، ملکی اور بین الاقوامی مسائل پر جاندار تبصروں ہلکے پھلکے طنز و مزاح، باتصویر، فیچروں منہ بولتے واقعات چیختی چلاتی کہانیوں، منظومات، غزلیات، معیاری مضامین

اور چونکا دینے والا نت نئے انکشافات کیلئے

ہر شمارہ ..... دلچسپ شمار

نوائے احمد پور شرقیہ پڑھیے

نوائے احمد پور شرقیہ آپ کا اپنا اخبار ہے، پرچہ اپنے ہاکر سے طلب کیجئے

دفتر:

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ، 246C سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک Z احمد پور شرقیہ

0301-7740405

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے سیفران سینیٹر محمد طلحہ محمود پناہ گزینوں کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں۔

اسلام آباد: وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین کے ہمراہ اسلام آباد ایئرپورٹ پر طلباء کا گروپ فوٹو۔

لاکھوں افراد بھوک کا شکار ہو سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے متبادل توانائی کی تلاش کی کوششوں کو جنم دیا ہے اور غذائی فصلیں تیزی سے پر کشش ہو رہی ہیں اس کے علاوہ اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافہ سے احتجاج اور بدامنی کو ہوا ملے گی۔انہوں نے کہا کہ جنگ کہ وجہ سے وہ چیلنجز مزید بڑھ جائیں گے جو مہنگائی، مالیاتی خسارے اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں معاون ہیں جبکہ لوگوں کی حقیقی آمدنی پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔افتخار علی ملک نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں پاکستان کا ایک بڑا چیلنج توانائی پر سبسڈی ہے جو کہ خطے میں سب سے زیادہ ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت میں گھریلو ایندھن کی قلت اور افراط زر لیبر کو متاثر کرے گا جبکہ مالدیپ کو ایندھن کی بڑی درآمدات اور سیاحوں کی تعداد میں کمی کی وجہ سے خطرات کا سامنا کرنا پڑے گا۔انہوں نے کہا کہ مالی اور بیرونی ادائیگیوں کے عدم توازن کی وجہ سے سری لنکا کا معاشی آؤٹ لک انتہائی غیر یقینی ہے، افغانستان میں خوراک کی بلند قیمتوں سے غذائی عدم تحفظ میں اضافہ ہوگا جبکہ بنگلہ دیش کی برآمدات یورپ سے آرڈر نہ ملنے کی وجہ سے نمایاں طور پر کم ہو جائیں گی۔افتخار علی ملک نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک کو ان کا اپنا کوئی قصور نہ ہونے کے باوجود بہت نقصان اٹھانا پڑے گا، تاہم امیر ممالک کو دنیا بھر میں خاص طور پر جنوبی ایشیا میں خوراک کی فراہمی کے لیے کوششیں تیز کرنا ہوں گی۔

نئے نیوز 09

ویکسینیشن فیز 4 مہم جاری ہے ہماری ہیلتھ ٹیمیں گھر گھر جا کر کرونا ویکسین لگانے میں مصروف ہیں کوئی بھی فرد ویکسین لگوانے میں کوتاہی ہرگز مت کرے ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر پری وینٹو ضلع بہاول پور ڈاکٹر محمد خالد چنڑ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے بتایا کہ ضلع بھر میں چھبیس لاکھ چار ہزار سات سو انسٹھ افراد ہیں جن میں بارہ سال سے لیکر زائد عمر کے افراد شامل میں جنہیں کرونا کی پہلی اور دوسری ڈوز لگائی جانی ہیں اب تک ضلع بھر میں پہلی ڈوز 95 فی صد اور دوسری ڈوز 88 فی صد افراد کو لگائی جا چکی ہے۔باقی جن افراد کو ویکسینیشن نہیں ہو سکیں ان کو ویکسین لگانے کے لئے ہماری ہیلتھ ٹیمیں گھر گھر جا کر ویکسینیشن کر رہی ہیں سول سوسائٹی، علما کرام، صحافی حضرات، سیاسی وسماجی شخصیات کرونا ویکسینیشن مہم میں ہماری ٹیموں کا بھرپور ساتھ دیں تاکہ ہر شخص کرونا کی وبا سے محفوظ رہ سکے۔اس موقع پر فوکل پرسن مبارک پور زون ڈاکٹر شرجیل احمد، میڈیکل آفیسر ڈاکٹر احمد فواد، غلام حسن ہاشمی اور حکیم آصف محمود چوہدری، دلشاد خان رتھ بھی ہمراہ تھے۔

نئے نیوز 10

لین دین 215 سے 220 روپے کے درمیان ہو رہا ہے .ملک میں روپے کی بے قدری کا سلسلہ مسلسل جاری ہے اور آج بھی انٹر بینک میں ڈالر کی قدر میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے کاروباری دن کی ابتدائمیں ہی انٹر بینک میں امریکی ڈالر نے اڑان بھرنی شروع کر دی اور امریکی ڈالر کی قدر میں 1 روپے 25 پیسے اضافہ ہوا جس سے ڈالر 210 روپے کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گیا. مارکیٹ ذرائع ڈالر کی مسلسل بڑھتی قیمت کو پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) ابھی تک توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) کی بحال نہ ہونے سے جوڑ رہے ہیں آئی ایم ایف کو اب بھی بجٹ میں 95 کھرب روپے سے زائد کے اخراجات پر تحفظات ہیں جو حکام نے آئندہ مالی سال کے لیے مختص کیے ہیں . آئی ایم ایف کے اندازوں کے مطابق بجٹ میں ریونیو کے اقدامات بھی 7 کھرب روپے کے کچھ زیادہ کے ہدف کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ہیں وزارت خزانہ کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے اس بات کی تصدیق کی کہ انہیں ابھی تک آئی ایم ایف سے اقتصادی اور مالیاتی پالیسیوں کی یادداشت کا پہلا مسودہ موصول نہیں ہوا کیونکہ بعض معاملات غیر طے رہے، انہوں نے کہا کہ ہم آئی ایم ایف کے ساتھ بہت قریب سے کام کر رہے ہیں اور جلد ہی کسی نتیجے پر پہنچ جائیں گے وزارت خزانہ کے پروگراموں کے شیڈول کے مطابق حکومت کا 28-27 جون کو قومی اسمبلی سے بجٹ 23-2022 منظور کرانے کا ہدف ہے۔

نئے نیوز 11

نپے تلے الفاظ کے ساتھ بھرپور طنز اور مزاح لکھ کر نہ صرف اردو ادب کو بالا مقام عطا کیا بلکہ عام قاری کے ذوق مطالعہ اور حسِ مزاح میں بھی بے پناہ اضافہ کیا۔ اردو ادب کے صاحب طرز مزاح نگار کو مداحوں سے بچھڑے تین برس بیت گئے۔مشتاق احمد یوسفی چار تمبر انیس سو اکیس میں ہندوستان کے صوبے راجھستان میں پیدا ہوئے۔تقسیم کے بعد کراچی آئے اور بینکنگ کے شعبے سے وابستہ ہوئے اور کئی بنکوں کے سربراہ بھی رہے۔مشتاق احمد یوسفی کا شمار اردو کے صف اول کے مزاح نگاروں میں ہوتا ہے۔مشتاق احمد یوسفی کی تصانیف میں چراغ تلے، خاکم بدہن، زرگزشت، آب گم اور شام شعریاراں شامل ہیں۔مشتاق احمد یوسفی کو اردو ادب میں نمایاں کارکردگی پر حکومت پاکستان کی جانب سے انیس سو ننانوے میں ستارہ امتیاز عطا کیا گیا تھا۔دو ہزار دو میں ہلال امتیاز حاصل کرنے والے مشتاق احمد یوسفی کو اکادمی ادبیات پاکستان نے پاکستان کا سب سے بڑا ادبی اعزاز کمال فن ایوارڈ بھی عطا کیا۔مشتاق احمد یوسفی 20 جون 2018 کو نمونیا کے مرض میں مبتلا ہونے کے باعث انتقال کر گئے تھے۔قارئین کی دلچسپی کے لیے مشتاق احمد یوسفی کے چند اقوال ذیل میں دیے جا رہے ہیں: میرا تعلق تو اس بھولی بھالی نسل سے رہا ہے جو خلوصِ دل سے سمجھتی ہے کہ بچے بزرگوں کی دعا سے پیدا ہوتے ہیں۔الحمدللہ بھری جوانی میں بھی ہمارا حال اور حلیہ ایسا نہیں رہا کہ کسی خاتون کے ایمان میں خلل واقع ہو۔اسلام آباد درحقیقت جنت کا نمونہ ہے۔۔۔یہاں جو بھی آتا ہے حضرت آدم کی طرح نکالا جاتا ہے۔کرنل محمد خان سے: ''کرنل صاحب، سفرنامے میں نازنینوں کی تعداد آپ کی ذاتی ضرورت سے کیں زیادہ ہے، آخر بچارے مقامی گوروں کا بھی حقِ بدچلنی بنتا ہے۔'پرانا مقدمے باز آدھا وکیل ہوتا ہے اور دائم المرض آدمی پورا عطائی۔طوطے سے مستقبل کا حال پوچھنے کا فائدہ یہ ہے کہ ہمیشہ ایک اور نیک فال نکالتا ہے، جس کا سبب یہ کہ دماغ کی بجائے چونچ سے کام لیتا ہے۔(جنرل ضیا الحق اپنی تقریروں میں) چنگیزی طرز ادا سے مزاح کا ناس مار دیتے تھے، کیوں کہ مزاح ان کے مزاج، منصب، مونچھ، سری جیسی ابلواں آنکھوں اور وردی سے لگا نہیں کھاتا تھا۔

نئے نیوز 12

کیسز کی شرح مجموعی طور پر پانچ فیصد ہوگئی ہے۔ کراچی میں کورونا مثبت کیسز کی شرح 10.08 اور حیدرآباد میں 16.67 ریکارڈ کی گئی۔اسلام آباد میں کورونا کیسز کی شرح 2.27 فیصد جبکہ لاہور میں ایک فیصد ریکارڈ کی گئی۔میر پور آزاد کشمیر میں کورونا مثبت کیسز کی شرح 5.26، مردان میں 3.39 فیصد اور ایبٹ آباد میں 1.2 فیصد رہی۔قومی ادارہ صحت کا کہنا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا سے کوئی ہلاکت نہیں ہوئی تاہم کورونا وائرس میں مبتلا 57 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔اس دوران کورونا کے 11 ہزار 212 ٹیسٹ کیے گئے۔

نئے نیوز 13

کرنے والا سب سے بڑا ملک بن گیا۔روس کی جانب سے یوکرین جنگ کے بعد عائد ہونے والی پابندیوں کے باعث چین کو رعایتی قیمت پر خام تیل فروخت کیا جارہا ہے۔روس کی جانب سے مئی 2022 میں چین کو گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 55 فیصد زیادہ خام تیل فراہم کیا گیا، جس کے بعد وہ سعودی عرب کی جگہ چین کو تیل فراہم کرنے والا سب سے بڑا ملک بن گیا۔چین میں کووڈ 19 کے باعث عائد پابندیوں اور معاشی سست روی کے باوجود روس سے تیل کی زیادہ خریداری کی جارہی ہے۔خیال رہے کہ یوکرین جنگ کو 4 مہینے ہونے والے ہیں اور مغربی ممالک روس سے خام تیل، گیس اور کوئلہ خریدنے سے گریز کررہے ہیں۔چین نے مئی میں روس سے 10.27 ارب ڈالر کا 84 لاکھ ٹن خام تیل خریدا۔اسی طرح روس کی جانب سے چین کو فراہم کی جانے والی ایل این جی کی مقدار میں بھی 54 فیصد اضافے سے 3 لاکھ 97 ہزار ٹن رہی۔اس میں گیس کی وہ مقدار شامل نہیں جو روس کی جانب سے پائپ لائنز کے ذریعے چین کو فراہم کی جاتی ہے۔روس کے بعد سعودی عرب چین کو خام تیل فروخت کرنے والا دوسرا بڑا ملک رہا، جس نے 78 لاکھ ٹن خام تیل چین کو فروخت کیا۔خیال رہے کہ مارچ 2022 میں امریکا اور برطانیہ نے کہا تھا کہ روسی خام تیل کی فروخت پر پابندی عائد ہونی چاہیے جبکہ یورپی یونین کی جانب سے روسی گیس پر انحصار کو ختم کرنے کے لیے کام کیا جارہا ہے۔دوسری جانب چین نے مئی میں ایران سے 2 لاکھ 60 ہزار ٹن خام تیل درآمد کیا۔

نئے نیوز 14

ہونگی اور سالگرہ کے کیک کاٹے جائیں گے جبکہ پیپلز پارٹی کے عہدیداران شہید جمہوریت سے عقیدت کے پیش نظر بلڈ کیمپ قائم کر کے خون کے عطیات دیں گے۔شہید جمہوریت بے نظیر بھٹو 21 جون 1953 کو کراچی میں پیدا ہوئی تھی۔الیکٹرانک میڈیا پروگرامرز نشر اور پرنٹ میڈیا فیچر شائع کریں گے۔

نئے نیوز 15

جبکہ 2 خاتون زخمی ہوگئی ہیں۔تفصیلات کے مطابق چھت گرنے کا یہ افسوسناک واقعہ مچھر کالونی میں بابری مسجد کے قریب پیش آیا جبکہ متاثرہ مکان ڈاکٹر نور عالم کی ملکیت ہے۔ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے میں جاں بحق و زخمی خواتین کو سول اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ذرائع نے بتایا کہ جاں بحق خواتین کی شناخت 30 سالہ رشیدہ بی بی، 18 سالہ یاسمین اور 14 سالہ آمنہ کے ناموں سے ہوئی ہے۔زخمیوں میں ڈاکٹر نور عالم کی 14 سالہ بیٹی انوری اور 22 سالہ خاتون شنواری زوجہ یونس شامل ہیں۔اس حوالے سے علاقہ مکین کا کہنا ہے کہ کان میں مرمتی کام کیا جارہا تھا جس کے باعث چھت پر اضافی وزن رکھا گیا تھا جس کی وجہ سے ایک کمرے کی چھت گر گئی۔علاقہ مکین نے بتایا کہ دو کمروں پر مشتمل مکان نور عالم کا ہے جو فشری میں ملازمت کرتا ہے۔علاقہ مکین کا مزید کہنا ہے کہ غریب مزدور پیشہ نور عالم کی جانب سے بارشوں کے پیش نظر گھر میں مرمتی کام کروایا جارہا تھا۔

نئے نیوز 16

سندھ کو میڈیکل بورڈ تشکیل دینے کا حکم جاری کیا. جوڈشل مجسٹریٹ کراچی کی جانب سے حکم دیا گیا ہے کہ محکمہ صحت سندھ میڈیکل بورڈ تشکیل دے اور قبر کشائی کی تاریخ متعین کرے واضح رہے کہ جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت نے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عامر لیاقت حسین کا پوسٹ مارٹم کرنے کا حکم دیا تھا عدالت کے تحریری حکم نامے کے مطابق ورثا کا موقف ہے کہ عامر لیاقت کے پوسٹ مارٹم سے ان کی قبر کی بے حرمتی ہوگی تاہم جب موت مشکوک ہو اور جرم کا بھی خدشہ ہو تو انصاف کے نظام کو حرکت میں آنا چاہیے. فیصلے میں کہا گیا ہے کہ پس پردہ حقائق کو سامنے آنا چاہیے واضح ہے کہ عامر لیاقت کی موت کی وجہ تاحال معلوم نہیں ہوسکی اور عامر لیاقت کی موت کی وجہ پتہ نہ چلنے سے سوال پیدا ہوتے ہیں کہ موت قدرتی ہے یا نہیں یاد رہے کہ 9 جون کو اچانک اپنے گھر میں مردہ پائے جانے والے عامر لیاقت کو کراچی میں عبداللہ شاہ غازی کے مزار کے احاطے میں سپرد خاک کیا گیا تھا. یاد رہے کہ مقامی شہری عبدالاحد نے کراچی کی مقامی عدالت میں عامر لیاقت کا پوسٹ مارٹم کرانے سے متعلق درخواست دائر کی تھی جس پر عدالت نے عامر لیاقت کا پوسٹ مارٹم کرانے سے متعلق درخواست منظور کرتے ہوئے پوسٹ مارٹم کرانے کے لیے میڈیکل بورڈ بنانے کا حکم دیا . عدالت میں عامر لیاقت کے ورثا اور سرکاری وکیل نے موقف اختیار کیا تھا کہ عامر لیاقت کے ورثا کا کہنا ہے کہ پوسٹ مارٹم کرانے سے ان کے والد کی روح کو تکلیف ہوگی اس لیے وہ پوسٹ مارٹم نہیں کرانا چاہتے اور انہیں کسی پر شک بھی نہیں ہے. عدالت میں پیش کی گئی پولیس رپورٹ کے مطابق پولیس سرجن کا کہنا ہے کہ جب تک جسم کا اندرونی جائزہ نہیں لیا جائے گا موت کی وجوہات معلوم نہیں ہوسکیں گی عدالت نے فریقین کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کیا تھا۔

نئے نیوز 17

الحسن ، وائس چیئرمین ملک سلمان وارن ، جنرل سیکرٹری قاری ظفر حسین و دیگران کی سربراہی میں شجرکاری مہم کا آغاز کردیا گیا ہے مہم کے سات دنوں کے دوران پورے اوچشریف شہر میں پودے لگائے جائیں گے مہم کے آغاز پر پودا لگانے کے موقع پر چیئرمین سید خواجہ سہیل عباس کا میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے اوچشریف کی عوام اس نیک کام میں احساس نوجوان اتحاد گروپ کا ساتھ دیتے ہوئے بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور شجرکاری مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ہر شہری اپنا یقینی کردار ادا کرتے ہوئے اپنے حصے کا پودا لگائے تاکہ ملک کو سرسبز و شاداب بنایا جاسکے#

نئے نیوز 18

خان نے ٹوئٹر پر بیان میں کہا کہ آج پاکستان کی تاریخ کا سیاہ دن ہے۔ مجرموں کی امپورٹڈ سرکار کیتر میم شدہ نیب قانون نے احتساب ہی کو دفن کردیا۔انہوں نے کہا کہ اس مجرم مافیا کو این آر او دوئم ملے گا اور نیب کے زیر تفتیش 1200 ارب میں سے 1100 ارب مالیت کے مقدمات اب نیب کے دائرہ کار سے نکل جائیں گے۔ تاریخ پاکستان کیخلاف اس سازش کے منصوبہ سازوں اور اسے کامیاب بنانے والوں کو نہ فراموش کرے گی اور نہ ہی کبھی معاف کرے گی۔عمران خان کا مزید کہنا تھا حکومت کی تبدیلی کی امریکی سازش کے ذریعے محض مجرموں کو اس ٹولے کو ایک اور این آر او دینے کے لئے پاکستان کی پوری معیشت اور سیاسی نظام کو پٹڑی سے اتارا گیا۔نون لیگ کا خرم دستگیر اس کی تصدیق کرچکا ہے۔چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ ہمارے رسول محترم ﷺ کیفرمان کا مفہوم ہیکہ تباہی ان معاشروں کا مقدر بنتی ہیجہاں کمزور کی پیٹھ پر تو تعزیر کا کوڑا برستا ہیمگر طاقتور قانون کی پہنچ سے دور رہتیہیں۔آج نیب کیاس ترمیم شدہ قانون کے ساتھ ہم وائیٹ کالر کرائم کیجرموں کو احتساب سیمبرا کرتے ہوئے تباہی کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

نئے نیوز 19

صحافتی شخصیات پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سابق صوبائی ٹکٹ ہولڈر مخدوم سید عامر علی شاہ ،مخدوم سید حیدر محسن بخاری، دیوان سید ذیشان بخاری، باسط علی خان و دیگران سمیت شہریوں کی کثیر تعداد شریک ہوئی جس کے دوران مخدوم الملک مخدوم سید عون محمد بخاری کی مزار کو عرق گلاب سے غسل دے کر چادر چڑھائی گئی جبکہ مخدوم ہاوس میں مجلس عزا کا بھی اہتمام کیا گیا جس کے شرکا سے ملک کے نامور علمائے کرام وذاکرین عظام نے خطاب کیا اس موقع پر شرکا کے لیے لنگر کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جبکہ آخر میں ملک وقوم کے استحکام، بہتری، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی#

نئے نیوز 20

اس موقع پر کہنا تھا کہ قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس آئندہ 3 روز کے اندر ہوگا، جس کے وقت کا تعین جلد کرلیا جائے گا۔

نئے نیوز 21

انہوں نے کہا موجودہ مہنگائی کی لہر سابقہ حکومت کی ناکام معاشی پالیسیوں اک شاخسانہ ہے ۔عمران خان جاتے جاتے آنے والی حکومت کے لئے مشکلات کھڑی کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔انہوں نے کہا بہت جلد حکومت معاشی مسائل پر قابو پانے کے بعد عوام کو ریلیف دے گی۔

نئے نیوز 22

دن دوبارہ طویل اور راتیں مختصر ہونے لگیں گی۔

نئے نیوز 23

سے نکلنا ابھی فائنل نہیں ہوا۔شیخ رشید نے مزید کہا کہ حکومت اپنے بوجھ تلے خود ہی گر رہی ہے۔ان کے اپنے کیس ختم ہو رہے ہیں اور غریب کا راشن ختم ہو رہا ہے۔

نئے نیوز 24

علی شاہ سے خصوصی ملاقات کی اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سادات کرام کے شہر اور سادات کے گھرانے میں میری حاضری ہونا بہت بڑا اعزاز ہے اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سابق ایم این اے مخدوم سید علی حسن گیلانی اور سید عامر علی شاہ کی مہمان نوازی اور خلوص کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا بعد ازاں انہوں نے مخدوم سید عامر علی شاہ اور سید مزمل حسنات بخاری کے ہمراہ دربار حضرت سید جلال الدین سرخ پوش بخاری رح پر حاضری دی اور چادر بھی چڑھائی مخدوم سید عامر علی شاہ نے مہمانوں کے اعزاز میں ظہرانہ کا اہتمام بھی کیا اس موقع پر سید عامر علی شاہ نے ملکی سلامتی کے لیے دعائے خیر بھی کروائی اس موقع پر

فیصل آباد: وفاقی وزیر مذہبی امور مفتی عبدالشکور فیصل آباد حاجی کیمپس میں منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں۔

نئے نیوز 01

زیر صدارت یوٹیلٹی سٹورز کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزرا مفتاح اسماعیل، مخدوم مرتضی محمود اور متعلقہ اعلیٰ افسران نے شرکت کی، وزیراعظم نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں یوٹیلٹی سٹور کے اقدامات کو سراہا۔اس موقع پر شہباز شریف نے غریب اور پسماندہ طبقے کیلئے بڑے ریلیف کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ 5 بنیادی اشیا ضروریہ کو اگلے مالی سال کیلئے کم نرخوں پر فراہم کی جائے جبکہ وزیراعظم نے کراچی میں یوٹیلٹی سٹورز کے نیٹ ورک میں توسیع کی بھی منظوری دی اور کہا کہ کراچی میں یوٹیلٹی سٹورز کی کم تعداد کسی قدر منظور نہیں، یوٹیلٹی سٹورز کی تعداد میں اضافے کا جامع منصوبہ دو ہفتے میں پیش کیا جائے، پسماندہ طبقے کو اس وقت ریلیف کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پسماندہ طبقے کے ریلیف کیلئے حکومت ہر قیمت خرچ کرنے کو تیار ہے، پسماندہ طبقے کو اشیا ضروریہ پر ریلیف حکومت کی اولین ترجیح ہے۔شہباز شریف نے ہدایت کی کہ سبسڈی کا نظام شفاف اور ڈیجیٹل بنایا جائے، مختلف قسم کی سبسڈیاں اکٹھی کر کے ایک جامع نظام بنایا جائے، نظام کے تحت خصوصی طور پر پسماندہ طبقے کے ریلیف کو ترجیح دی جائے، سبسڈی کے نظام میں اصلاحات کیلئے وزیر خزانہ، وزیر صنعت و پیداوار اور وزیر تخفیف غربت تعاون سے حکمت عملی تشکیل دیں۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مہنگائی پیدا کرنے والا آج مہنگائی کے نام پر احتجاجی ڈرامے کررہا ہے۔وزیراعظم سے مختلف ارکان قومی اسمبلی نے ملاقات کی، ملاقات کرنے والوں میں اراکین قومی اسمبلی فقیر احمد، امیر حیدر ہوتی، عائشہ رجب علی، شگفتہ جمانی، ملک سہیل آغا شاہ زیب درانی اور سہیل خان شامل ہیں۔ اس دوران ملکی سیاسی صورتحال اور اپنے اپنے حلقوں سے متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر شہباز شریف نے کہا کہ مہنگائی کا طوفان ہمیں بھی ہیں، حکومت کی پوری کوشش ہے کہ عوام کو ریلیف دیا جائے، اراکین پارلیمنٹ کے حلقوں کے ترقیاتی مسائل حل کیے جائیں گے۔

نئے نیوز 02

کے لیے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اخوت فاونڈیشن کے سربراہ ڈاکٹر امجد ثاقب کی گراں قدر خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسٹر جسٹس جواد حسن، مسٹر جسٹس انوار الحق پنوں، مسٹر جسٹس سلطان تنویر احمد، سینئر ایڈیشنل رجسٹرار ہائی کورٹ محمد شاہد حسین، کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور، ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا، وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب کے ہمراہ ریاست بہاول پور کے قیام کی 275 سالہ تقریبات کے لئے قائم کئے گئے سیکرٹریٹ کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر تقریبات کو شاندار انداز میں منعقد کرنے کے حوالہ سے قائم کی گئی کمیٹیوں کے کنوینر اور ممبران نے بھی شرکت کی اور اپنی اپنی کمیٹی کی کارکردگی اور تقریبات کے انعقاد کے حوالہ سے آگاہ کیا۔لاہور ہائی کورٹ بہاول پور بینچ کے جج مسٹر جسٹس شجاعت علی خاں نے کہا کہ نئی نسل کو ریاست بہاول پور کے ادوار سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست بہاول پور کے نظام عدل اور گڈ گورننس ماڈل کی آگہی کے لئے یہ تقریبات کلیدی کردار ادا کریں گی۔اس موقع پر کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور، ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا اور وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب نے ریاست بہاول پور کے قیام کی 275 سالہ تقریبات کے انعقاد کے حوالہ سے آگاہ کیا۔ریاست بہاول پور کے قیام کی 275 سالہ تقریبات کے حوالہ سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر کے دفتر میں قائم کئے گئے سیکرٹریٹ میں بہاول پور کی تاریخ و ثقافت سے آگاہ کیا گیا اور علاقائی دستکاری کی نمائش بھی منعقد کی گئی۔ بعد ازاں ریاست بہاول پور کے قیام کی 275 سالہ تقریبات کے حوالہ سے بہاول پور میں کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور اور ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے جم خانہ بہاول پور میں بریفنگ دی اور بتایا کہ بہاول پور ڈویژن کا گزیٹیئر، تاریخی بروشر، دستاویزی فلم اور دیگر آگہی کے دستاویزات مرتب کئے جائیں گے۔

نئے نیوز 03

واس چانسلر کی سربراہی میں گزشتہ تین سالوں کے دوران اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کی زرعی شعبہ میں قومی امنگوں سے ہم آہنگ تحقیقی اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ گورنر نے کپاس، مکئی اور سویابین کی انٹر کراپنگ، بائیو فرٹیلائزر اور کسانوں کی خوشحالی لانے والے دیگر معیشت میں کردار ادا کرنے والے دیگر شعبوں میں اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کی تحقیقی کوششوں کی تعریف کی۔اس موقع پر سیکریٹری زراعت ساتھ پنجاب ثاقب علی عقیل، ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچر اور رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر معظم جمیل اور فوکل پرسن چیئرمین شعبہ پلانٹ پیتھالوجی پروفیسر ڈاکٹر نوید اسلم ملغانی بھی موجود تھے۔

نئے نیوز 04

موٹرز "میک ان پاکستان" کے نظریہ کے تحت اقدامات کررہی ہے اور اندرون ملک ہائبرڈ الیکٹرک کاروں کی تیاری پر 100 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی جا چکی ہے۔پاکستان دنیا بھر میں گاڑیاں تیار کرنے والا 35 واں بڑا ملک ہے اور آٹو موبائل کی صنعت ملک میں تیزی سے ترقی کرنے والی صنعتوں میں شامل ہے جس کا مکمل جی ڈی پی سے حصہ 2 سے 3 فیصد ہے۔انہوں نے کہا کہ رواں سال 2022 میں کمپنی اپنی پیداواری صلاحیتوں سے استفادہ کرتے ہوئے 90 ہزار گاڑیاں تیار کرے گی۔علی اصغر جمالی نے کہا کہ پاکستان میں الیکٹرک گاڑیوں کے استعمال سے ملک کے درآمدی بل میں 50 فیصد تک کی لائی جاسکتی ہے۔

نئے نیوز 05

اور نواب سر صادق محمد خان عباسی کی ایک فلاحی ریاست کے تناظر میں خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسٹر جسٹس جواد حسن، مسٹر جسٹس انوار الحق پنوں، مسٹر جسٹس سلطان تنویر احمد، سینئر ایڈیشنل رجسٹرار ہائی کورٹ محمد شاہد حسین، کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور، ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا، وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب کے ہمراہ ریاست بہاول پور کے قیام کی 275 سالہ تقریبات کے لئے قائم کئے گئے سیکرٹریٹ کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر تقریبات کو شاندار انداز میں منعقد کرنے کے حوالہ سے قائم کی گئی کمیٹیوں کے کنوینر اور ممبران نے بھی شرکت کی اور اپنی اپنی کمیٹی کی کارکردگی اور تقریبات کے انعقاد کے حوالہ سے آگاہ کیا۔لاہور ہائی کورٹ بہاول پور بینچ کے جج مسٹر جسٹس شجاعت علی خاں نے کہا کہ نئی نسل کو ریاست بہاول پور کے ادوار سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست بہاول پور کے نظام عدل اور گڈ گورننس ماڈل کی آگہی کے لئے یہ تقریبات کلیدی کردار ادا کریں گی۔اس موقع پر کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور، ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا اور وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب نے ریاست بہاول پور کے قیام کی 275 سالہ تقریبات کے انعقاد کے حوالہ سے آگاہ کیا۔ریاست بہاول پور کے قیام کی 275 سالہ تقریبات کے حوالہ سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر کے دفتر میں قائم کئے گئے سیکرٹریٹ میں بہاول پور کی تاریخ و ثقافت سے آگاہ کیا گیا اور علاقائی دستکاری کی نمائش بھی منعقد کی گئی۔ بعد ازاں ریاست بہاول پور کے قیام کی 275 سالہ تقریبات کے حوالہ سے بہاول پور میں کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور اور ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے جم خانہ بہاول پور میں بریفنگ دی اور بتایا کہ بہاول پور ڈویژن کا گزیٹیئر، تاریخی بروشر، دستاویزی فلم اور دیگر آگہی کے دستاویزات مرتب کئے جائیں گے۔

نئے نیوز 06

ضمانت کی درخواستیں منظور کیں۔عدالت نے شیخ رشید، اسد عمر اور شاہ محمود قریشی کے علاوہ شہریار آفریدی، قاسم سوری سمیت دیگر کی درخواست ضمانتیں منظور کرتے ہوئے ملزمان کو ہدایت کیں کہ تھانہ آئی نائن، گولڑہ، ترنول میں درج مقدمات میں ملزمان شامل تفتیش ہوں۔ایڈیشنل سیشن جج کامران بشارت نے پی ٹی آئی رہنماوں کی ضمانتیں منظور کیں۔اسلام آباد ڈسٹرکٹ سیشن عدالت میں تھانہ کوہسار میں درج مقدمہ کے مدعی راجہ سبطین خان عدالت میں پیش ہوئے اور استدعا کی کہ میں نے وکالت نامہ دینا ہے جس پر جج نے ریمارکس دیے کہ آپ تو پچھلی تاریخ کو بھی آئے تھے ابھی تک وکالت نامہ نہیں دیا۔مدعی مقدمہ نے جواب دیا کہ ہائی کورٹ کے کیسز لگے ہیں ادھر مصروف تھا ادھر تو سارے ملزمان پیش ہی نہیں ہو رہے۔ عدالت میں ہی ملزمان شامل تفتیش ہو رہے ہیں۔جج نے مدعی کو ہدایت کی کہ آپ اپنا کام کریں ہمیں اپنا کام کرنے دیں، سب ملزمان پیش ہو رہے ہیں۔عدالت نے ریڈر کو ہدایت کی کہ تھانہ کوہسار کے مقدمہ نمبر 425 میں دو چار دن کی تاریخ دے دیں جس پر وکیل نے کہا کہ تھانہ کوہسار میں درج مقدمات میں لگی تمام دفعات قابل ضمانت ہیں۔جج نے دورانِ سماعت کیس میں ریمارکس دیے کہ تھانہ ترنول، گولڑہ اور آئی نائن کے مقدمہ میں کوئی بھی شامل تفتیش نہیں ہوا۔ میں تفتیشی کو پابند کردیتا ہوآپ شامل تفتیش ہو جائیں۔وکیل انتظار پنجوتھا نے کہا کہ تھانہ آئی نائن میں درج ایک مقدمہ میں ناقابل ضمانت دفعہ ہے جس عدالت نے ہدایت کی کہ آپ ان مقدمات میں شامل تفتیش ہو جائیں۔عدالت نے تمام مقدمات میں پی ٹی آئی کے رہنماوں کی ضمانت کی درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کرتے ہوئے استفسار کیا کہ ابھی عدالت میں کون کون سے ملزمان پیش ہوئے ہیں۔وکیل انتظار پنجوتھا نے جواب دیا کہ قاسم خان سوری اور شہریار آفریدی عدالت میں موجود ہیں جس پر جج نے ملزمان کو ہدایت کی ک